NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2008

URDU FIRST ADDITIONAL LANGUAGE: PAPER I

Time: 2 hours Marks: 80

PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY

1. The paper consists of 9 pages.
2. You are to answer:
   - Section A
   - Section B
   - Section C
3. Number your answers exactly as the questions are numbered.
4. Start each section on a new page.
5. Leave a line when writing the Urdu script.
6. Do not cram your work.

IEB Copyright © 2008

SECTION A

Question 1 Comprehension

ذیل کہانی کو پڑھیۓ اور سوالات کا جواب لکھیۓ۔

۱.

سچّی محبّت

بہت دنوں کی بات ہے۔ ایک گاؤں پر کچھ ڈاکوؤں نے حملہ کر دیا اور سب کچھ لُوٹ لیا۔ ڈاکوؤں نے ایک بچّے کو بھی اُٹھا لیا۔ بچّے کے ماں باپ نے ڈاکوؤں کی بڑی مِنّت کی۔ مگر ڈاکو نہ مانے اور بچّے کو لے گئے۔ بے چارے ماں باپ تڑپتے رہ گئے۔

اس بچّے کو ڈاکوؤں نے بازار میں لے جا کر بیچ دیا۔ وہ بچّہ ہمارے نبیؐ کی بیوی حضرت خدیجہؓ کے بھتیجے نے خرید لیا۔ انھوں نے وہ بچّہ حضرت خدیجہؓ کو دے دیا۔ حضرت خدیجہؓ نے اس بچّے کو پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی خِدمَت میں پیش کر دیا۔ نبی پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے اس بچّے کو ماں باپ سے بھی زیادہ محبّت سے رکھا۔

بچّے کے ماں باپ کو معلوم ہوا کہ ان کا بچّہ حضور اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے پاس ہے تو اس کا باپ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے پاس آیا۔ اس نے کہا: "میں نے سنا ہے آپؐ بہت اچھّے آدمی ہیں۔ میرا بچّہ آپؐ کے پاس ہے۔ اُسے واپس کر دیں۔" نبی پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: "اگر وہ بچّہ آپ کے ساتھ جانا چاہے تو اُسے لے جائیں۔ اگر وہ میرے پاس رہنا چاہے تو اُسے یہیں چھوڑ جائیں۔" اس کے باپ نے یہ بات مان لی۔

بچّے کو بلایا گیا۔ اُس نے اپنے باپ کو پہچان لیا لیکن اس کے ساتھ جانے کو تیّار نہ ہوا۔ کہنے لگا: "مجھے پیارے نبیؐ سے محبّت ہے میں انھیں چھوڑ کر نہیں جاؤں گا۔" باپ نے دیکھا کہ وہ پیارے نبیؐ سے اتنی محبّت کرتا ہے تو وہ خوشی خوشی واپس چلا گیا۔ اس بچّے کا نام زیدؓ بن حارث تھا۔

Question 1

۱۔ جواب لکھیے۔

۱۔ ۱. گاؤں پر ڈاکوؤں نے کیا کیا تھا؟ (1)

۲. ڈاکوؤں نے بچّے کو کیا کیا تھا؟ (1)

۳. بازار میں کیا ہوا؟ (1)

۴. بچّے کو کس نے خریدا تھا؟ (1)

۲۔ اِن لفظوں کی "ضد" لکھیے۔

۱. آسان

۲. اندھیرا

۳. اُوپر

۴. عورت (4)

۳۔ جُملے دُرست کیجیے

۱. بات ہے دِلوں کی بہت۔

۲. رہ گئے ماں باپ بچارے تڑپتے۔

۳. مان لی اُس نے بات یہ۔

۴. کو نبیؐ بچّے خِدمت پیش کی میں کیا۔ (4)

۴۔ جُملے پُورے کیجیے۔

۱. ڈاکوؤں نے ایک بچّے کو ________۔

۲. بے چارے ماں باپ ________۔

۳. باپ نے دیکھا کہ وہ ________۔

۴. اُس بچّے کا نام ________ (4)

۵۔ "سچّی محبّت کیا ہے؟" پر ایک چھوٹا مضمون لکھیے۔ (4)

(20)

Question 2 Picture

۲- تصویر۔

کہانی لکھیے

نیچے دی ہوئی تصویر کی ہر چیز کو غور سے دیکھیے اور ایک کہانی لکھیے:
صرف ۱۰ یا ۱۲ لائن لکھیے۔



آپ یہ کہانی اِس طرح شروع کر سکتے ہیں:
امجد نے بلّی پال رکھی تھی۔ امجد کے بھائی ساجد کے پاس کُتّا تھا۔ بلّی اور کتا
آپس میں لڑتے رہتے تھے۔ ایک دن ....

(10)

IEB Copyright © 2008

SECTION B

Question 1 **Summary**

جائزہ

مضمون کو پڑھیئے اور اپنے الفاظ میں صرف ۸ یا ۱۰ لائن لکھیئے۔

(۶۰ - ۷۰ الفاظ)۔ (۱۵)

دسترخوان پر

رشیدہ تیسری جماعت کے اِمتحان میں اوّل نمبر سے کامیاب ہوئی تھی۔ آج اس خوشی میں امّی نے اچھے اچھے پکوان پکائے تھے۔

کھانے کا وقت ہوگیا تھا۔ امّی نے رشیدہ کو آواز دی: "رشیدہ بیٹی! کھانا لگا کر سب کو بُلالو۔"

رشیدہ نے کہا: "جی، اچھا امّی!" اُس نے دسترخوان بچھایا اور اس پر پلیٹیں چُن دیں۔ دسترخوان پر کھانا لگ گیا۔ امّی سب سے پہلے دسترخوان کے قریب آکر بیٹھ گئیں۔ ناصر اور رشیدہ امّی کے دائیں بائیں آبیٹھے، پھر ابّا جان اور حامد آئے۔

حامد، بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹا تھا۔ امّی نے دیکھا کہ اُس کے دائیں ہاتھ کی اُنگلیوں میں سیاہی لگی ہوئی ہے۔ اُنھوں نے حامد سے کہا: "حامد، تم نے ہاتھ نہیں دھوئے؟"

حامد بولا: "دھو لیے امّی جان۔"

ناصر نے کہا: "امّی! اس نے صابن سے ہاتھ نہیں دھوئے۔" حامد یہ سُن کر جلدی سے اُٹھا اور غسل خانہ میں چلا گیا۔

IEB Copyright © 2008

SECTION C

Question 1 Language

۱۔ ذیل کہانی کو پڑھیئے اور سوالات کا جواب لکھیئے۔

ایک دن رشید روتا ہوا اسکول سے گھر آیا۔ اُس کے دانت میں بہت درد تھا۔ اُس کی امّی اُسے ڈاکٹر کے پاس لے گئیں۔ ڈاکٹر نے دوا لگائی اور بتایا کہ رشید کے دانت میں کیڑا لگ گیا ہے۔ دانت نکالنا پڑے گا۔

رات کو درد کے مارے رشید کھانا بھی نہ کھا سکا۔ روتے روتے سو گیا۔ خواب میں اُس نے دیکھا کہ اچانک اُس کا منہ کھُل گیا اور ایک دانت ٹوٹ کر پتنگ کی طرح ہوا میں اُڑتا ہوا دوُر چلا گیا۔ رشید اُسے پکڑنے دَوڑا مگر دانت ہاتھ نہ آیا۔

"تم مجھے بہت تنگ کرتے ہو۔ گندی، گلی سڑی چیزیں کھاتے ہو۔ جن چیزوں پر مکھّیاں بیٹھتی ہیں وہ بھی کھا لیتے ہو۔ بھوک نہ ہو تب بھی کچھُ نہ کچھُ کھاتے رہتے ہو۔ مجھُ پر بہت بوجھ لاد دیتے ہو۔ میں اب تمھارے پاس نہیں رہوں گا۔"

۱۔ لفظوں کی "ضِد" لکھیئے۔

۱۔ بہت
۲۔ رات
۳۔ قریب
۴۔ سونا (4)

۲۔ چار الفاظ لکھیئے جو "د" سے شروع ہوتے ہیں۔ (4)

IEB Copyright © 2008

٣۔ غلط جُملے کو دُرست کیجیۓ۔

١۔ ایک دِن رشید گھر میں روتی تھی۔

٢۔ رات کو درد کے مارے رشید نے کھانا نئی کھایا۔ (3)

٣۔ تم مجھے بہت تنگ کرے۔

٤۔ کا۔ کی۔ کو اور کے اِستعمال کیجیۓ۔

١۔ اُس ___ دانت۔

٢۔ اُس ___ ماں۔

٣۔ رشید ___ گھر۔ (3)

(14)

Question 2 **Picture**

٢۔ تصویر کو غور سے دیکھیۓ اور بھر:

١۔ تین (٣) اِسم لکھیۓ۔ (nouns) (3)

٢۔ اپنے الفاظ میں تین (٣) جُملے لکھیۓ۔ (3)

٣۔ اپنے الفاظ میں چار (٤) جُملے لکھیۓ اور بتائیے کہ آپ کو یہ گاڑی کیوں پسند ہے۔ (4)

(10)

Question 3 **Advertisement**

اشتہار

۳- جواب لکھیۓ۔

(2) ۱- فون کا کیا نام ہے؟

(2) ۲- فون کی قیمت کیا ہے؟

(2) ۳۔ اشتہار کا پیام کیا ہے؟

(2) ۴۔ یہ فون آپ کو کہاں سے ملیگا؟

(2) ۵۔ فون کی اصلی قیمت کیا تھی؟

(10)

Question 4 Cartoon

۴- کارٹون



۷- جواب دیجئے :

۱. مُسافِر اور بیرے میں کیا گُفتگو ہو رہی ہے ؟
اپنے الفاظ میں لکھیئے۔ مثلاً :
مُسافِر :
بیرہ :

(6)

(40)

Total: 80 marks

IEB Copyright © 2008